## سوال

(13) حیض کے روزوں کی قضائی کا وقت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایام حیض کے قضا شدہ روزے کی قضائی کیا عید کے بعد متصل دے یا سال بھر کے اندر اندر جب چاہیے قضائی دے سکتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ماہ شعبان میں قضائی دیا کرتی ۔ اس سے معلوم ہوا کہ عورت دیر سے بھی قضائی دے سکتی ہے ، اور جتنی جلدی دی جائے بہتر ہے ، کیونکہ خطرہ ہے کہ موت آ جائے ، اور روزے ذمہ رہ جائیں ۔ (فتاویٰ اہل حدیث روپڑی جلد ۲ ص ۵٦٤) (عبد اللہ امر تسری روپڑی)

توضیح : . . . یہ روایت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مشکوۃ شریف میں ہے ۔ (ارقم علی محمد سعیدی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

**جلد 06 ص 96**